بسم اللہ الرحمن الرحیم

# جو شخص زمین پر سجدہ نہ کر سکے اس کا امام بننا کیسا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

امام صاحب کو سروائیکل پرابلم کی وجہ سے گردن میں درد رہتا ہے اور سجدے میں جانے سے چکر آنے لگتا ہے، ڈاکٹر نے ان کو زمین پر سجدہ کرنے سے منع کیا ہے، تو کیا ایسی صورت میں امام صاحب کرسی پر یا زمین پر بیٹھ کر اشارے سے نماز پڑھتے ہوئے امامت کے فرائض سر انجام دے سکتے ہیں؟

## جواب

اگر امام صاحب اس کیفیت کی وجہ سے زمین پر یا زمین سے بارہ انگل (تقریباً 9 انچ) اونچی کسی چیز پر سجدہ کرنے پر قادر نہیں تو وہ ان لوگوں کی امامت نہیں کر سکتے جو زمین پر سجدہ کرنے پر قادر ہیں کیونکہ امام صاحب تو رکوع و سجود کے لئے اشارہ کریں گے اور ایسے کے پیچھے ان لوگوں کی نماز نہیں ہو سکتی جو زمین پر سجدہ کریں۔

بہار شریعت میں لکھا ہے: "جو رکوع و سجود سے عاجز ہے یعنی وہ کہ کھڑے یا بیٹھے رکوع و سجود کی جگہ اشارہ کرتا ہو، اس کے پیچھے اس کی نماز نہ ہوگی جو رکوع و سجود پر قادر ہے۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 571، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا رضا محمد مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2565

تاریخ اجرا: 05 جمادی الاولٰی 1447ھ/28 اکتوبر 2025ء